# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : معصومہ عزیز



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی ''بھولو اور بھالا'' دوستی کے حوالے سے لکھی گئی ہے۔ اس کہانی کو پڑھانے کا مقصد ماحول اور اس سے متعلق چیزوں کے بارے میں معلومات اور concept کو آسان انداز میں بچوں تک پہنچانا ہے۔ بھولو اور بھالا پانی کے دو قطرے ہیں۔ اس کہانی کے ذریعے بچوں کو واٹر سائیکل (water cycle) اور پانی حاصل کرنے کے ذرائع (sources) کہانی کے انداز میں سکھائے گئے ہیں۔


# سیشن 1

## نوٹ

- ٹیچر کہانی شروع کروانے سے پہلے پانی کے قطروں کی ایکٹیویٹی کروائیں جس کے لئے ٹیچر کو مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت ہوگی۔
  چارٹ پیپر۔ پنسلیں۔ قینچی۔ رنگین پنسلیں۔
- کلاس کے بچوں کی تعداد کے مطابق چارٹ پیپر یا کسی بھی کاغذ پر پانی کے قطروں کی شکل بنا کر انہیں کاٹ لیں اور اس سے بڑا قطرہ کاٹ کر سوفٹ بورڈ پر لگا دیں۔

## بات چیت

- اب بچوں سے قطرے کے بارے میں سوال پوچھیں۔ 20 منٹ
  پانی کا قطرہ کسے کہتے ہیں؟ (پانی کی بوند کو)
  قطرے کہاں کہاں سے ٹپکتے ہیں؟
  (جب بارش ہوتی ہے تو بوندوں کی شکل میں، اگر نلکا تھوڑا سا کھلا رہ جائے تو نلکے سے، اگر چھت ٹوٹی ہو تو چھت سے، بارش کے بعد پتوں سے بھی قطرے ٹپکتے ہیں۔)



پانی کا قطرہ

## سرگرمی

- ٹیچر چارٹ پیپر کے بنائے ہوئے چھوٹے قطروں کو بچوں میں بانٹ دیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ پانی 25 منٹ

سے متعلق کوئی بھی لفظ ان قطروں پر لکھیں۔ اگر بچوں کو لکھنے میں مشکل پیش آئے تو ٹیچر ان کی مدد کریں جیسے جیسے بچے لکھتے جائیں ٹیچر ان قطروں کو سوفٹ بورڈ پر بڑے قطرے کے اندر لگاتی جائیں۔
مثلاً نلکا۔ سمندر۔ دریا۔ تالاب۔ نہانا۔ کپڑے دھونا۔ برتن دھونا۔ تیرنا۔ مچھلی۔ بارش۔ چھت ٹپکنا وغیرہ۔

## سیشن 2

- کلاس میں آنے سے پہلے ٹیچر ڈروپر (dropper) اور پلاسٹک کی تھیلیوں کا انتظام کر لیں۔ ایک چھوٹا برتن بھی ساتھ لائیں۔

10 منٹ
- آج ٹیچر پہلے کہانی کو تاثرات اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ پڑھتے وقت مشکل الفاظ پر زیادہ زور دے کر پڑھیں تاکہ بچے انہیں اچھی طرح سنیں اور یاد رکھیں۔

### سرگرمی

30 منٹ
- چار بچوں میں ڈروپر بانٹ دیں۔ بچے ڈروپر کی مدد سے پانی کے برتن سے پانی بھر کر قطرے ٹپکائیں جو دوبارہ برتن میں ہی گریں۔ اگر ڈروپر نہیں ہے تو یہ ایکٹیویٹی پلاسٹک کی تھیلیوں سے بھی کی جا سکتی ہے۔ اس کے لئے تھیلی میں پانی بھر کر ربر بینڈ لگا دیں اور تھیلی میں سوئی یا پنسل کی نوک سے سوراخ کر دیں اور بچوں سے قطرے گنواتی جائیں۔ سب بچوں سے باری باری یہ activity کر وائیں۔

### گھر کا کام

5 منٹ
- کہانی سے دو چشمی ''ھ'' والے الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔

### نوٹ

- کل کلاس میں بلبلے (bubbles) بنانے کی ایکٹویٹی کروائی جائے گی۔ اس کے لئے ٹیچر درج ذیل سامان کا پہلے سے انتظام کر لیں۔

صابن یا صرف پاؤڈر
بوتل یا پیالہ
اسٹرا (straw)
استعمال شدہ بول پین(ball pen)

## سیشن 3

10 منٹ
- ٹیچر آج پہلے چند بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں دشواری ہو ان کی مدد کریں۔

15 منٹ
- بلبلے بنوانے کے لئے ٹیچر بچوں کو کلاس سے باہر لے جائیں تاکہ وہ بلبلے بنانے کا لطف اٹھا سکیں۔ پہلے ایک پیالے یا بوتل میں پانی لیں اور اس میں صابن یا سرف بچوں کے سامنے حل کریں پھر اسٹرا یا کاغذ کی بنی ہوئی نلکی کی مدد سے بلبلے بنوائیں۔ ہر بچے کو الگ اسٹرا دیں تاکہ ہر بچہ اس کام سے لطف اندوز ہو سکے۔

20 منٹ
- کلاس میں آنے کے بعد بچوں کو ایک پیپر شیٹ دیں۔ اگر کوپی ہے تو بچے کوپی میں بلبلوں کی ڈرائنگ کریں۔ ٹیچر بلیک بورڈ پر الفاظ میں بلبلا لکھیں اور ڈرائنگ کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے بنائے ہوئے بلبلے کے بارے میں تین جملے لکھیں۔

میں نے بلبلا بنایا۔

میرا بلبلا اوپر اڑا۔

میرا بلبلا ہوا میں پھٹ گیا۔

ٹیچر یہ جملے بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتار لیں گے۔

گھر کا کام

- ٹیچر بھولو اور بھالا کے پتلے (puppet) بنوانے کے لئے درج ذیل چیزیں بچوں سے منگوا لیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | پرانے موزے | used socks |
| 2 | پرانے بٹن | used buttons |
| 3 | اون / دھاگا | wool / thread |

- ٹیچر کاغذ اور مارکر کا انتظام کر لیں۔ باقی چیزیں بھی وہ خود لانے کی کوشش کریں۔

## سیشن 4


15 منٹ
- آج ٹیچر پہلے دوستی کے حوالے سے بات کریں اور بچوں سے پوچھیں۔

(1) آپ کے کتنے دوست ہیں؟
(2) کیا آپ کا کوئی بہت اچھا دوست ہے؟
(3) کیا آپ کا دوست آپ کے اسکول میں پڑھتا ہے؟
(4) آپ کے دوست کا کیا نام ہے؟
(5) آپ کے دوست کی کوئی ایک اچھی بات بتائیں۔

## Activity کروانے کا طریقہ

30 منٹ

- اب ٹیچر موزے کا بند حصہ میز پر پھیلا کر رکھیں۔ اس پر آنکھوں کی جگہ کالے بٹن ناک کی جگہ سفید بٹن یا سفید اور کالے کاغذ کے ٹکڑے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ منہ مارکر سے ڈرا (draw) کریں۔ اون، دھاگے اور پرانے کپڑے سے بال بنا لیں بالوں کے لئے بھی کالے کاغذ کے ٹکڑے کاٹ کر لگا سکتے ہیں۔ بچے اپنے بھولو اور بھالا الگ الگ بنائیں۔ ٹیچر بنانے میں مدد کرتی رہیں۔ بعد میں سارے بھولو اور بھالا کلاس میں ایک رسی پر باندھ کر لٹکائے جائیں۔




## سیشن 5


10 منٹ

- آج بچوں سے پوچھیں کیا وہ کبھی کہیں سفر کرنے گئے ہیں؟

جب ہم سفر کرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟
سفر کے دوران ہماری ملاقات کس کس طرح کے لوگوں سے ہوتی ہے؟
ہم طرح طرح کے کھانے کھاتے ہیں اور اپنا سفر مکمل کر کے واپس گھر آجاتے ہیں۔

15 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ اسی طرح پانی بخارات کی شکل میں سفر کرتا ہے۔ پھر وہ کس طرح واپس آتا ہے۔
یہ ہم ایک ڈائیگرام کی شکل میں دیکھیں گے۔
بچوں کو بتائیں کہ پانی کا سفر بھی اسی طرح دلچسپ ہوتا ہے۔ جب سے دنیا بنی ہے پانی کا سفر اس وقت سے آج تک اسی طرح جاری ہے۔
''پانی اپنا سفر کیسے طے کرتا ہے؟'' تصویر کی مدد سے سمجھائیں۔



سورج کی تپش سے پانی بخارات بن کر اوپر آسمان کی طرف اٹھتا ہے۔

بخارات جیسے جیسے اوپر اٹھتے ہیں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور بوندوں / قطروں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

بوندیں / قطرے ایک دوسرے سے مل کر بادل بن جاتی ہیں۔

بادلوں میں پانی کی بوندیں / قطرے جب بہت بھر جاتے ہیں تو بادل کالے اور بھاری ہو کر ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں اور ٹھنڈی بوندیں بارش کی شکل میں برستی ہیں۔

پانی کی بوندیں جب بہت ٹھنڈی ہوتی ہیں تو برف کے گالوں کی شکل میں پہاڑوں پر گرتی ہیں۔ جسے ہم برف گرنا کہتے ہیں۔ اسی لئے پہاڑی علاقوں میں سردی زیادہ ہوتی ہے۔

بچوں سے پہلے پوچھیں پھر خود بھی بتائیں کہ

بارش کے بعد پیڑ پودے ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔

بارش کا پانی زمین میں جذب ہو کر اندر ہی اندر بہہ کر جھیلوں، دریاؤں اور سمندر میں مل جاتا ہے۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اسی طرح پانی اپنا سفر جاری رکھتا ہے اور سورج کی گرمی سے یہ عمل دوبارہ شروع ہوتا ہے۔

20 منٹ

- بچوں سے بات چیت کے بعد ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ پھر ایک کالم میں واٹر سائیکل سے متعلقہ اردو الفاظ اور دوسرے کالم میں ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

| اردو الفاظ | انگریزی ترجمہ |
|---|---|
| سمندر | sea |
| قطرے | drops |
| بادل | clouds |
| بلبلے | bubbles |
| آسمان | sky |
| دریا | river |
| ہوا | air |


## سیشن 6

- ٹیچر کلاس میں جانے سے پہلے چارٹ پیپر کی مدد سے ایک بڑا سا درخت اور نئے الفاظ کے کارڈ تیار کریں۔ مثلاً

گہری دونوں دوستی بڑی بنائے

15 منٹ
- ٹیچر کلاس کے آٹھ یا دس بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں اور اگر کوئی بچہ بھالا کی ایکٹنگ کرنا چاہے تو اسے ضرور موقع دیں۔

25 منٹ
- اب ٹیچر چارٹ پیپر کی مدد سے کسی دیوار پر sight words کا ایک درخت بنا کر چپکا دیں۔
- کہانی میں موجود تمام نئے الفاظ کو فلیش کارڈز پر لکھ لیں۔
- بچوں کو فلیش کارڈز دکھا کر پڑھوانے کی کوشش کریں اور ساتھ ساتھ ان کی مدد کریں۔
- الفاظ پڑھوانے کے بعد درخت کی شاخوں میں لگاتے جائیں۔ اس طرح آپ کی کلاس میں sight words کا درخت تیار ہو جائے گا۔



sight words

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پھنس | گیا | مجھے | طرف | پوچھا |
| پاس | کہا | نہیں | مدد | میرے |
| دوست | ہم | جانتے | پتہ | پیٹھ |
| چڑھ | پہنچ | اتر | سفر | اپنے |
| دونوں | گلے | چلتا | پر | ہوں |
| تم | کہاں | کو | کوئی | جاتا |
| تمہاری | ہمارے | جاتی | | |

# بھولو اور بھالا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk